غزل

از جناب نہال سیوہاروی

وسعت کدۂ کون و مکاں جھوم رہا ہے | میں جھوم رہا ہوں تو جہاں جھوم رہا ہے
سرکارِ مغاں سے ہی بٹی وہ مئے سرجوش | ہر بندۂ سرکارِ مغاں جھوم رہا ہے
یہ مست گھٹائیں یہ ہوائیں یہ فضائیں | اک رند نہیں شیخِ زماں جھوم رہا ہے
وہ زہد کہ تھا سدِ سکندر سے بھی محکم | پیہم صفتِ موجِ رواں جھوم رہا ہے
وہ زہد کہ نسبت تھی جسے کوہِ گراں سے | ہو کر گروِ حسنِ بتاں جھوم رہا ہے
مستی کا تصرف ہے ہر اک پیر و جواں پر | دیکھا جسے وہ پیر و جواں جھوم رہا ہے
پُرکیف وہ منظر ہے جہانِ گزراں کا | خود آج جہانِ گزراں جھوم رہا ہے
اک نشہ کا عالم ہی عیاں شرق سے تا غرب | آفاق کراں تا بہ کراں جھوم رہا ہے
باہر ہیں حدِ فہم سے رندوں کے مقامات | کیا تجھ سے کہوں کون کہاں جھوم رہا ہے
میخانے میں اس رنگ سے ساقی ہے خراماں | گلشن میں کوئی سروِ رواں جھوم رہا ہے
یہ کس کی تجلی ہے حریمِ دل و جاں پر | بے طرح حریمِ دل و جاں جھوم رہا ہے
وہ نغمہ گرِ عصرِ رواں ہے مری ہستی | میں خود ہی نہیں عصرِ رواں جھوم رہا ہے
اللہ رے تاثیرِ بیانِ مئے و مستی | ہر ناقدِ اندازِ بیاں جھوم رہا ہے
کھل کر ترا افسانہ سنا دوں تو ہو کیا رنگ | عالم باشاراتِ نہاں جھوم رہا ہے

ہے کون سے عالم میں نہالؔ آج نہ پوچھو
وہ سرخوشِ الطافِ مغاں جھوم رہا ہے